نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

23 اگست 2010ء

برائے فوری اجراء

449/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکی سینٹرل کمانڈ کے سربراہ کا دورۂ پاکستان

اسلام آباد (23 اگست 2010ء) ___ امریکی سینٹرل کمانڈ کے سربراہ جنرل جیمز میٹس پاکستانی قیادت سے مشاورت کے لئے آج پاکستان پہنچے۔

اپنے دورۂ پاکستان کے دوران جنرل میٹس پاکستانی حکام کے ہمراہ متاثرین کے ساتھ اظہار ہمدردی کی غرض سے حالیہ ہفتوں میں شدید سیلاب کے دوران زیر آب آنے والے علاقوں کا دورہ کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ وہ پاکستان کے سیلاب زدہ علاقوں میں جاری امدادی سرگرمیوں میں امریکی اعانت کا جائزہ لیں گے اور ایسے دیگر شعبوں کے متعلق بات چیت کریں گے جن کی بحالی میں امریکہ مدد دے سکتا ہو۔

پاکستان کے سول اور فوجی راہنماؤں سے اپنی ملاقاتوں کے دوران جنرل میٹس انھیں افغانستان میں امریکی حکمت عملی کے حوالے سے تازہ ترین صورتحال سے آگاہ کریں گے اور دیگر علاقائی مسائل پر بات چیت کریں گے۔

امریکہ سینٹرل کمانڈ کا سربراہ بننے کے بعد جنرل میٹس کا یہ پہلا دورۂ پاکستان ہے۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2082000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹر زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5268800